تعمیر مستقبل
افق انسائیکلوپیڈیا
پاکستان میں بچوں کا پہلا ہفت روزہ انسائیکلوپیڈیا
موضوع: ممالک
جلد: 1
شمارہ نمبر: 390
چین کی چار بار حکومت
ایک ملک کئی نام
جنگ جو لوگوں کی سرزمین
ویت نام-1

پاکستان
ویت نام

ویت نام کہاں ہے؟

ویت نام جنوب مشرقی ایشیا کا ایک اہم ملک ہے۔
اِس کے شمال میں چین، مغرب میں لاؤس اور کمبوڈیا ہیں، جبکہ ملک کا مشرقی حصہ جنوبی بحیرہ چین کے ساتھ تین ہزار کلومیٹر تک پھیلا ہوا ہے۔ جنوب مشرقی ایشیا میں ویت نام سیاحوں کا سب سے زیادہ پسندیدہ ملک ہے۔

تھک سلطنت

جنوبی چین سے نکل کر دریائے زرد کے ڈیلٹا کی طرف بڑھنے والے اِس نئے گروہ کا سردار ایک شخص **تھک فان** (Thuc Phan) تھا۔ اِس نے کئی اور لڑاکا گروہوں کو اپنے ساتھ ملا کر ایک بہت بڑا لشکر تیار کیا۔ ایک خوف ناک جنگ میں اِس نے ہانگ بینگ حکومت کو شکست دی اور اپنے نام پر ان علاقوں میں تھک سلطنت کی بنیاد رکھی۔ اس نے فانگ فی کے نام سے اپنا نیا دارالحکومت بنایا۔ شہر کی حفاظت کے لیے اس نے شہر کے گرد کئی فصیلیں تعمیر کر کے اِسے ناقابلِ تسخیر بنانے کی کوشش کی۔

ہانگ بینگ دور

قدیم دور میں ویت نام میں مختلف نسل کے لوگ قبائل کی صورت میں آباد تھے۔ 2919 ق م میں ایک شخص جس کا نام **لاک ٹک** تھا، اُس نے سارے قبائل کو متحد کر کے ایک حکومت قائم کی۔ یہ حکومت دریائے زرد کے آس پاس کے علاقوں میں قائم ہوئی اور لاک ٹک ڈوآنگ یوآنگ نام سے بادشاہت کرنے لگا۔ اِس نے 2825 ق م تک حکومت کی۔ اِس کے بعد سنگ لم (Sung Lam) بادشاہ بنا۔

ٹریو سلطنت

ٹریو سلطنت کا بانی ایک شخص ٹریودا (Trieu Da) تھا۔ اِس کا تعلق چین کے کن (Qin) خاندان سے تھا۔ اِس نے موجودہ علاقے گینگ ڈانگ (Guangdong) میں ایک خودمختار حکومت قائم کی، اور اپنی مملکت کا نام اِس نے نام ویت (Nam Viet) رکھا۔ اِس نے اردگرد کے علاقوں پر حملہ آور ہو کر اپنی سلطنت کو وسیع کرنا شروع کیا۔ اِس کے بعد اس نے تھک سلطنت پر قابو پا کر اپنی طاقت میں خوب اضافہ کیا، اِس کی قوت یہاں تک بڑھی، کہ اِس نے اپنے آپ کو چین میں ہن سلطنت کے بادشاہ کے برابر سمجھنا شروع کر دیا۔

ویت نام میں چین کی پہلی حکومت

چین کی ہن سلطنت نے 111 ق م میں ویت نام پر حملہ آور ہو کر ٹریو حکومت کا خاتمہ کر دیا۔ اور ایک شخص سوڈنگ کو وہاں گورنر مقرر کر دیا۔ 40ء میں ٹرنگ ٹریک (Trung Trac) اور ٹرنگ نھی (Trung Nhi) دو بہنوں نے چینی حکومت کے خلاف بغاوت کر دی۔ اور بہت سے علاقوں پر قبضہ کر کے اپنی حکومت قائم کر لی۔ انھوں نے 40ء سے 43ء تک ویت نام پر حکومت کی۔ آخر چین کے بادشاہ گانگ وو (Guangwu) نے اپنے نامور جرنیل مایوآن (Ma Yuan) کو ایک لشکر دے کر بھیجا۔ ایک خوف ناک جنگ میں دونوں بہنوں کو شکست ہوئی اور گرفتاری سے بچنے کے لیے دونوں نے خودکشی کر لی۔

ویت نام میں چین کی دوسری حکومت

ٹرنگ سسٹرز کی بغاوت نے چینیوں کو محتاط کر دیا۔ لہٰذا ویت نام کے اعلیٰ طبقہ کے لوگوں کو چینی کلچر اور سیاست سے متعلق تعلیم دی جانے لگی۔ آخر چین نے ایک شخص شی زی (Shi Xie) کو خودمختار بنا کر ویت نام کا حکمران مقرر کیا۔ ویت نام میں چین کی یہ حکومت شی زی کے بعد 544ء تک قائم رہی۔ اِس کے بعد ایک شخص لائی بون (Ly Bon) اور ٹریو کانگ فک (Trieu Quang Phuc) نے بغاوت کر کے چین کی دوسری حکومت کا خاتمہ کر دیا، اور لی (Ly) سلطنت کے نام سے ایک نئی حکومت کی بنیاد رکھی، جو 544ء سے 602ء تک قائم رہی۔ یہاں تک کہ چین میں سوئی (Sui) خاندان کی حکومت کو اِس نئی حکومت کے خلاف حرکت میں آنا پڑا، اور ویت نام کو ایک بار پھر فتح کر لیا گیا۔

ویت نام میں چین کی تیسری حکومت

چین کی تیسری حکومت کے دوران میں ویت نام نے تجارت میں بہت ترقی کی۔ رومن ایمپائر سے تجارتی تعلقات مضبوط ہوئے۔ یورپ کے نمائندے ویت نام کے راستے چین کی طرف جانے لگے۔ دریائے زرد کے راستے بھی تجارت جاری رہی۔ اِس دور میں ویت نام کو انم (Annam) (پُرامن جنوب) کہہ کر پکارا جانے لگا۔ یہ نام 866ء تک جاری رہا۔ یہاں تک کہ اسے ٹن ہائے کوان (Tinh Hai Quan) کا نام دیا گیا۔ 905ء میں چین سیاسی طور پر مختلف حصوں میں بٹا تو ویٹ نام نے خودمختاری کا اعلان کر دیا اور ایک شخص نگو کیو (Ngo Quyen) نے ویت نام کا بادشاہ ہونے کا اعلان کر دیا۔

زمانی ترتیب

0ء --- 1500ء

خطہ	سال	واقعہ
یورپ	180ء	رومی مملکت میں چیچک وطاعون کی وبا۔ لاکھوں افراد ہلاک
	275ء	روم شہر کے گرد اوریلین دیوار تعمیر ہوئی
ایشیا	400ء	گُپت سلطنت تمام شمالی ہندوستان میں پھیل گئی
	629ء	چینی مسافر ہیون سیانگ ژوب کا علاقہ دیکھتا ہے
افریقا شرقِ اوسط	238ء	رومن حکومت کے خلاف شمالی افریقا میں بغاوت وبدامنی
	617ء	قریش کی طرف سے رسول اللہ اور بنو ہاشم کا بائیکاٹ

1702
1794
1600
1818
1577
1896

آزادی کا دور

نگو کیو بادشاہ بننے کے بعد جلد ہی مر گیا۔ اِس کے مرنے پر ویت نام کے بارہ بڑے بڑے جنگجو گروہ تخت وتاج پر قبضہ کرنے کے لیے، ایک دوسرے کے خلاف لڑنے لگے۔ اِس طرح ملک میں ایک طرح کی خانہ جنگی شروع ہوگئی۔ یہ خانہ جنگی 944ء سے 968ء تک جاری رہی۔ یہاں تک کہ ایک جنگجو گروہ جو، ڈنھ بولنھ (Dinh Bolinh) کے تحت کام کر رہا تھا، اِس نے باقی سارے گروہوں کو شکست دی اور ملک کو متحد کیا۔ اُس نے اپنے نام پر ڈنھ (Dinh) سلطنت کی بنیاد رکھی۔ 979ء میں ڈنھ اور اس کے ولی عہد دونوں کو قتل کر دیا گیا۔

ڈنھ بولنھ اور اُس کے ولی عہد کی موت کے بعد ڈن بولنھ کا چھے سالہ بیٹا ڈنھ تو آن (Dinh Toan) تخت نشین ہوا۔ چین میں اُس وقت سنگ (Song) خاندان کی حکومت تھی۔ ویت نام کی اِس حالت کو دیکھتے ہوئے سنگ حکمرانوں نے ویت نام پر حملہ آور ہونے کے لیے ایک لشکر بھیج دیا۔ اِن حالات میں ویت نام کی فوج کے سپہ سالار لی ہو آن (Le Hoan) نے حکومت پر قبضہ کر لیا۔ وہ چین کے اتنے بڑے لشکر کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا۔ لہٰذا کسی طریقے سے چھپ کر اُس نے چینی جرنیل کو قتل کر دیا، جس کی وجہ سے چینی لشکر واپس چلا گیا۔ اِس طرح لی ہو آن ویت نام کا بادشاہ بن گیا۔ لی ہو آن 1005ء میں مر گیا۔ اُس کی موت کے بعد اِس کے بیٹوں میں تخت نشینی کی جنگ شروع ہوگئی۔ جن میں لی لانگ ڈان کامیاب ہوا۔ لیکن جلد ہی چوبیس سال کی عمر میں وہ مر گیا۔

1500ء --- 1900ء

انس کے بحری جہاز ایزور پر برطانیہ قبضہ کرتا ہے

ریتیلی، فرانس۔ بارود فیکٹری میں دھماکا۔ 1000 افراد ہلاک

پان میں دو سلطنتوں کے درمیان جنگ سیکی گاہارا ہوئی

جیت سنگھ نے لاہور میں حضوری باغ کی بارہ دری بنوائی

رن افریقا (صومالیہ) کی سلطنت عدل ختم ہوئی

کینا فاسو فرانس کے زیر قبضہ ہوا

1900ء --- 2015ء

1919ء برٹیسلاوا، سلوا کیا۔ یونیورسٹی لائبریری برٹیسلاوا قائم ہوئی

2009ء وٹوریا، اسپین میں نیشنل ہسٹری میوزیم تعمیر ہوا

1906ء مکاؤ میں لولم لیوک نامی باغ تعمیر کیا گیا

2005ء لاہور میں پتنگ بازی کے تہوار بسنت پر پابندی لگائی گئی

1938ء زبارہ، قطر میں زبارہ قلعہ تعمیر ہوا

1973ء افریقی ملک گیبون میں رنگین ٹی وی کی ابتدا

لی ٹران اور ہو سلطنت

لی لانگ ڈنھ کی موت کے بعد ویت نام کی عدالت نے شاہی محل کی حفاظتی فوج کے کمانڈر لی کانگ یوآن (Ly Cong Uan) کو بادشاہ بنا دیا، اُس نے لی (Ly) سلطنت کی بنیاد رکھی۔ اِس سلطنت کے دورِ حکومت میں نہ صرف ویت نام خوش حال ہوا، بلکہ سلطنت کے علاقوں میں بھی اضافہ کیا گیا۔ ویت نام میں اِس طرح بادشاہ بنائے جانے کا طریقہ اپنی نوعیت کا پہلا اور انوکھا طریقہ تھا۔ لی کانگ نے موجودہ شہر ہنوئی (Hanoi) کو اپنا دارالحکومت بنایا، اور اِس کا نام تھانگ لانگ (Thang Long) رکھا۔ ملک کا نام تبدیل کر کے ڈائے ویٹ (Dai Viet) رکھا۔

منگول حکمران قبلائی خان (Kublai Khan) نے 1258ء، 1285ء، اور 88-1287ء میں ویت نام پر حملے کیے، لیکن ویت نام نے اسے پسپا کر دیا۔ ویت نام کو منگولوں کے ساتھ جنگوں میں مصروف دیکھ کر، ویت نام کے جنوب میں چمپا (Champa) نام کی ریاست نے حملے شروع کر دیے۔ ویت نام نے 1312ء میں چمپا پر قبضہ کر لیا۔ 1383ء تک چمپا ایک طرح سے ویت نام کا حصہ رہا۔ چین اور چمپا کے ساتھ لگاتار جنگوں سے ویت نام کمزور ہو گیا۔ آخر لی ٹران کے اپنے ہی ایک عہدیدار ہو (Ho) نے تخت و تاج پر قبضہ کر کے اپنے نام پر ہو سلطنت قائم کر لی۔

ویت نام پر چین کی چوتھی حکومت

چین کے منگ (Ming) خاندان کی حکومت نے لی ٹران حکومت کی بحالی کا بہانہ کر کے ویت نام پر حملہ آور ہونے کا ارادہ کر لیا۔ چنانچہ چین کے لشکر ویت نام پر حملہ آور ہوئے۔ ہو سلطنت جو سات سال پہلے قائم ہوئی تھی، وہ چینی حملوں کا مقابلہ نہ کر سکی اور چین نے ویت نام پر قبضہ کر کے ہو سلطنت کے سات سالہ دور کا خاتمہ کر دیا۔ چین کی حکومت نے چونکہ لی ٹران حکومت کی بحالی کا بہانہ کر کے ویت نام پر حملہ کیا تھا، اور جب چین نے ویت نام میں لی ٹران کی حکومت بحال نہ کی، تو لی ٹران کے حامیوں نے اندر ہی اندر رابطے کرنے کے بعد چین کی حکومت کے خلاف زبردست تحریک شروع کر دی۔

نماز چارٹ

یہ نماز چارٹ ہے۔۔۔ہم سب کے لیے۔ ہم نماز تو پڑھتے ہیں۔ کتنا اچھا ہو اگر ہم اپنی نماز کو اس چارٹ کی مدد سے مزید بہتر بنا لیں۔ اگر نماز "باجماعت" پڑھی ہے تو "ب" لکھیں "تاخیر" کے لیے "ت" لکھیں اور "قضا" کے لیے "ق" لکھیں۔ ایک ہفتے کے بعد اپنے امی، ابو اور جماعت کے استاد صاحب سے دستخط کروائیں۔

تاریخ	فجر	ظہر	عصر	مغرب	عشا
		جمعہ			

دستخط والدین ________ دستخط اُستاد ________

ویب لنکس

اگر آپ ویت نام کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں تو مندرجہ ذیل ویب لنکس کا مطالعہ کریں:

1- https://en.wikipedia.org/wiki/Vietnam
2- https://www.britannica.com/place/Vietnam
3- https://wikitravel.org/en/Vietnam

انکل آفاقی

آفاقی ، میں آفاقی ہوں
سب بچوں کا ساتھی ہوں

پیارے بچو!

ویت نام جنوبی ایشیا کا ایک اہم اور قدیم ملک ہے۔ ابتدا میں یہاں مختلف قبائل آباد ہوئے۔ بعد میں یہاں ایک مرکزی حکومت قائم ہوئی۔ 111 ق م کے قریب اسے ویت نام کا نام دیا گیا۔

ویت نام پر چین نے اسی دور میں حملے کر کے قبضہ کرلیا۔ جو لگ بھگ ایک ہزار برس تک برقرار رہا۔ 905ء میں ویت نام ایک خودمختار ملک بن گیا۔ مگر ایک بار پھر اس پر 1407ء میں چین نے قبضہ کر کے اسے اپنا صوبہ بنالیا۔

ایشیا کے نقشے میں ویت نام کی نشان دہی کریں۔

درست جواب کا انتخاب کریں:

سوال			
1- ویت نام ایشیا میں واقع ہے:	جنوب مشرقی	جنوب مغربی	شمال مشرقی
2- ویت نام ایک مضبوط سلطنت کے دور میں بنا:	ٹریودا	لاک ٹک	سنگ لم
3- چین نے ویت نام پر پہلی بار قبضہ کیا:	111 ق م میں	131 ق م میں	151 ق م میں
4- ویت نام پر قبلائی خان نے حملے کیے:	دو	چار	چھ
5- ویت نام نے ریاست چمپا پر قبضہ کیا:	1312ء	1315ء	1317ء

لغت

خودمختار	آزاد	کلچر	ثقافت
ایمپائر	سلطنت	ولی عہد	حکومت کا وارث

ان الفاظ کے معنی لغت سے تلاش کریں: فصیل - خانہ جنگی - ناقابل تسخیر - بحالی

آفاق انسائیکلوپیڈیا
پاکستان میں بچوں کا پہلا ہفت روزہ انسائیکلوپیڈیا
قیمت فی شمارہ -/Rs.30 سالانہ خریداری -/Rs.1400
ڈاک اخراجات -/400 روپے جولائی 2011ء سے نافذ العمل ہیں۔

شمارہ 391 : پیچ
شمارہ 392 : حیدر علی ۔ I
شمارہ 393 : کپی بارا

مدیر : اشفاق احمد خاں
مجلس ادارت : اسلم راہی - حمید اللہ خٹک - جنید احمد
ٹائٹل / آئی کونز سرائن مٹا (Digital Illustrator UAE) گرافک آرٹسٹ جہانگیر عبدالرزاق ڈیزائنر احسان سعید

پتا برائے خط کتابت
آفاق سیلز آفس، بالمقابل شیل پٹرول پمپ، الحبیب پارک، نزد ایم اے ماڈل سکول، کارپوریشن چوک،
آؤٹ فال روڈ، لاہور۔ فون: 37150949, 37150950 042 فیکس: 37150849 042

An ISO 9001:2008 Certified Company
"A company set up u/s 42 of Companies Ordinance 1984"